# ماڈل پرچہ جات

## وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان

www.KitaboSunnat.com

## الثانویہ العامۃ

دفتر وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان، پوسٹ آفس جامعہ سلفیہ، فیصل آباد

041-8780274-8780374

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام
محدث لائبریری
کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

# ھدایات برائے
# ماڈل پرچہ جات

کسی بھی نظامِ تعلیم کی اساس، اس کا امتحانی نظام ہوتا ہے۔اسی لیے ادارہ وفاق المدارس السلفیہ پاکستان ہمہ وقت اپنے نونہالوں کی تعلیم وتربیت اور دورِ جدید کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے ممکنہ اصلاحات وجدت اور امتحانی نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوشاں رہتا ہے۔ چنانچہ ادارہ نے امتحانات میں سوالات کا اسلوب علمی ومعیاری اور آسانی سے سمجھ آنے والا عام فہم بنایا ہے مزید جدید رجحانات کے مطابق معروضی سوالات کو بھی مستقل شاملِ امتحانات کر دیا ہے۔

لہٰذا ادارہ نے نمونے کے طور پر ماڈل پرچہ جات تیار کیے ہیں۔ ماڈل پرچہ جات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درج ذیل ہدایات کی روشنی میں امتحانات کی تیاری کریں:

(1) امتحانات میں ہر مضمون کو دو حصوں میں (حصہ انشائیہ 70% فیصد اور حصہ معروضی 30% فیصد) تقسیم کیا گیا ہے جبکہ معروضی حصہ لازمی ہے۔

(2) امیدوار مکمل پرچہ (حصہ انشائیہ اور حصہ معروضی) جوابی کاپی پر حل کرے گا اور اضافی شیٹ نہیں دی جائے گی۔

(3) تمام پرچہ جات کا دورانیہ 3 گھنٹے ہوگا۔

(4) وفاق المدارس السلفیہ پاکستان سے جاری کردہ نصاب اور ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے امتحانات کی تیاری کریں۔

(5) درج ذیل نکات بطورِ خاص ملحوظ رکھیں:

(1) پرچہ مکمل نصاب سے ہوگا لہٰذا نصاب مکمل پڑھیں (2) پرچہ حل کرنے کا طریقہ واسلوب سیکھتے ہوئے عملی مشق کریں۔

(3) کتاب اور صاحب کتاب کا منہج واسلوب (4) ترجمہ اور اس کا اسلوب (5) الفاظ ومعانی (6) تشریح ومفہوم کا طریقہ کار۔

(7) اعراب ووجہ اعراب اور صیغے (8) تراکیب نحویہ وصرفیہ (9) مشقوں کا حل تحریری وشفوی (10) مقصودِ مفسر ومحدث۔

(11) اصولی فنون کی تطبیق (12) دراسۃ الاسانید اور راویوں کا تعارف۔

(13) تعریفات، اقسام، امثلہ، احکام، اصطلاحات، تطبیقات، فروق، دلائل، راجح اقوال۔

(14) اختیاری مضامین کی تیاری کا بھی اہتمام کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین

وفاق المدارس السلفية پاکستان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم — 03

وفاق المدارس السلفية باكستان — المادة: ترجمة القرآن الكريم

امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية — ورقة الامتحان النموذجي

الزمن: 3 ساعات — الدرجات: 100

**نصاب:** ترجمہ قرآن کریم (سورۃ یونس سے سورۃ کہف کے آخر تک)

**نوٹ:** امیدوار مکمل پرچہ (حصہ انشائیہ اور حصہ معروضی) جوابی کاپی پر حل کرے۔ اضافی شیٹ نہیں دی جائے گی۔

---

**حصہ انشائیہ** (کل نمبر: 72) **نوٹ:** حصہ انشائیہ سے چار سوالات کے جوابات دیں۔ ہر سوال کے 18 نمبر ہیں۔

**سوال نمبر 1: درج ذیل آیات کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کے صیغے حل کریں۔**

(الف) { وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَن لَّمْ يَدْعُنَا إِلَىٰ ضُرٍّ مَّسَّهُ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ} [يونس: 12]

(ب) {هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ حَتَّىٰ إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ} [يونس: 22]

**سوال نمبر 2: درج ذیل آیات کا لفظی ترجمہ کریں۔**

(1) وَيَسْتَنبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ۔

(2) كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ اللَّيْلِ مُظْلِمًا ۔

(3) سَرَابِيلُهُم مِّن قَطِرَانٍ وَتَغْشَىٰ وُجُوهَهُمُ النَّارُ ۔

(4) قَالَ لَهُ مُوسَىٰ هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَىٰ أَن تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ۔

(5) وَقُرْآنًا فَرَقْنَاهُ لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ عَلَىٰ مُكْثٍ وَنَزَّلْنَاهُ تَنزِيلًا ۔

**سوال نمبر 3: درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔**

(الف) آیت کا ترجمہ اور مختصر تشریح کریں۔

{وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ} [هود: 6]

(ب) حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا واقعہ مختصراً تحریر کریں۔

**سوال نمبر 4: درج ذیل پانچ مرکبات کا ترجمہ کریں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِسْمِ اللَّهِ مَجْرَاهَا وَمُرْسَاهَا | وَغِيضَ الْمَاءُ | وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي | مُسَوَّمَةً عِندَ رَبِّكَ | وَسَبْعَ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ | قِطَعٌ مُّتَجَاوِرَاتٌ |

**سوال نمبر 5: درج ذیل آیت کا ترجمہ کریں نیز درج ذیل الفاظ کا صیغہ، فعل، باب، حروف اصلیہ اور ہفت اقسام بیان کریں۔**

{ وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ وَلَئِن صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصَّابِرِينَ} [النحل: 126] 06

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آمَنُوا | أَوْحَيْنَا | يَهْدِي | يَعْمَهُونَ | مَسَّ | أَكُنْ | 12 |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

| | |
|---|---|
| وفاق المدارس السلفية باكستان | المادة : ترجمة القرآن الكريم |
| امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية | ورقة الامتحان النموذجي |
| الزمن : 3 ساعات | الدرجات : 100 |

**حصہ معروضی** (کل نمبر:28) **نوٹ:** حصہ معروضی کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

**سوال نمبر1: درج ذیل اجزاء میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1)"أراذلنا بادي الرأي" ترجمہ کریں۔ (2)سورۃ ہود میں کن انبیاء کا تذکرہ ہوا ہے؟(3)نوح علیہ السلام نے بوقتِ عذاب اپنے بیٹے سے کیا کہا؟(4)قومِ لوط کیسے ہلاک ہوئی؟(5)سورۃ کہف کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث نقل کریں۔(6)معانی لکھیں: كِسَفًا ، قَاصِفًا ، كَظِيمٌ ، حَمَإٍ مَسْنُونٍ ۔

**سوال نمبر2: درج ذیل جملوں میں سے صحیح پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1)سورۃ یونس میں حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کا تذکرہ ہوا ہے۔(2)جب ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے کی خوشخبری سنائی گئی تو اس وقت ان کی زوجہ محترمہ بوڑھی ہو چکی تھیں۔(3)یوسف علیہ السلام کی قمیص آگے سے پھٹی ہوئی تھی۔(4)سورۃ یوسف میں یوسف علیہ السلام کے علاوہ کسی اور نبی کا تذکرہ نہیں ہوا۔(5)"بواد غير ذي زرع "سے مراد مکہ مکرمہ ہے۔(6)"سبعا من المثاني"سے مراد سورۃ فاتحہ ہے۔(7)سورۃ بنی اسرائیل کو سورۃ الاسراء بھی کہتے ہیں۔(8)"أقم الصلوة لدلوك الشمس "سے نمازِ تہجد مراد ہے۔(9)اصحابِ کہف سات تھے اور ان کا کتا آٹھواں تھا۔(10)سورۃ کہف میں عیسیٰ علیہ السلام کا بھی تذکرہ ہوا ہے۔

**سوال نمبر3: مجوزہ جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔ کل نمبر 08 ہیں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | شیطان کن میں سے ہے | انسانوں | فرشتوں | جنوں |
| 2 | "لا جرم "کا معنیٰ ہے۔ | کوئی شک نہیں | کوئی جرم نہیں | کوئی خسارہ نہیں |
| 3 | "واعبد ربك حتى يأتيك اليقين"میں یقین سے مراد ہے۔ | یقین | شک | موت |
| 4 | کونسی قوم تھی جسے عذاب نہیں ہوا۔ | قومِ شعیبؑ | قومِ یونسؑ | قومِ نوحؑ |
| 5 | زمین و آسمان کو اللہ تعالیٰ نے کتنے دنوں میں بنایا۔ | چار دنوں میں | چھ دنوں میں | آٹھ دنوں میں |
| 6 | یوسفؑ نے خواب میں سورج اور چاند کے علاوہ کتنے ستارے دیکھے؟ | دس | گیارہ | بارہ |
| 7 | یوسفؑ نے اپنے بھائیوں کے بارے کیا فیصلہ کیا؟ | بدلہ لیا | معاف کر دیا | والد کے حوالے کیا |
| 8 | بیٹیوں کو زندہ درگور کرنے کا تذکرہ ہوا ہے۔ | سورۃ الحجر میں | سورۃ النحل میں | سورۃ الرعد میں |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وفاق المدارس السلفية باكستان — المادة : الحديث ومصطلحه

امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية — ورقة الامتحان النموذجي

الزمن : 3 ساعات — الدرجات : 100

**نصاب: بلوغ المرام** (آغاز سے کتاب الحج کے آخر تک) **رسالہ اصول حدیث** از مولانا محمد اویس بلگرامی ندوی رحمہ اللہ

**نوٹ:** امیدوار مکمل پرچہ (حصہ انشائیہ اور حصہ معروضی) جوابی کاپی پر حل کرے۔ اضافی شیٹ نہیں دی جائے گی۔

---

**حصہ انشائیہ** (کل نمبر:70)

**نوٹ:** حصہ انشائیہ حدیث کے سوالات میں سے تین سوال حل کریں۔ ہر سوال 14 نمبر کا ہے۔

## (حديث)

**سوال نمبر1:** درج ذیل حدیث پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا مکمل نام نوٹ کریں۔

عن أبي هريرةرضي الله عنه قال سمعت رسول الله ﷺ يقول إن أمتي يأتون يوم القيامة غرا محجلين من أثر الوضوء فمن استطاع منكم أن يطيل غرته فليفعل (متفق عليه)۔

**سوال نمبر2:** درج ذیل حدیث کا ترجمہ و تشریح کرتے ہوئے خط کشیدہ کا اعراب اور وجہ اعراب واضح کریں۔

عن ابن عباس رضى الله عنهما قال: قال رسول الله ﷺ ألا وإني نهيت أن أقرأ القرآن راكعا أوساجدا فأما الركوع فعظموا فيه الرب،وأما السجود فاجتهدوا في الدعاء فقمن أن يستجاب لكم (رواه مسلم)۔

**سوال نمبر3:** درج ذیل حدیث پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کے صیغے حل کریں۔

عن ابن عباس رضى الله عنهما أن امرأة من جهينة جاءت إلى النبى ﷺ فقالت :إن أمى نذرت أن تحج فلم تحج حتى ماتت أفأحج عنها ؟قال: نعم حجي عنها أرايت لوكان على أمك دين أكنت قاضية؟ اقضوا الله فالله أحق بالوفاء – رواه البخاري۔

**سوال نمبر4:** درج ذیل حدیث کا ترجمہ و تشریح کریں۔

عن أم سلمة رضي الله عنها أنها سألت النبي ﷺ أتصلي المرأة في درع وخمار بغير إزار؟ قال: إذا كان الدرع سابغا يغطي ظهورقدميها – أخرجه أبو داود وصحح الأئمة وقفه ۔

## (مصطلح الحديث)

**نوٹ:** حصہ انشائیہ مصطلح الحدیث کے سوالات میں سے دو سوال حل کریں۔ ہر سوال 14 نمبر کا ہے۔

**سوال نمبر1:** حدیث لینے اور بیان کرنے کے الفاظ مع وضاحت نوٹ کریں۔

**سوال نمبر2:** درج ذیل کی تعریفات نوٹ کریں۔

(1) متواتر (2) مختلف الحدیث (3) صحیح لغیرہ (4) حسن لغیرہ

**سوال نمبر3:** صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمہم اللہ کے قول، فعل اور تقریر کو بھی حدیث کہتے ہیں۔ مکمل تفصیل مع اقسام ذکر کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

وفاق المدارس السلفية باكستان | المادة : الحديث ومصطلحه

امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية | ورقة الامتحان النموذجي

الزمن : 3 ساعات | الدرجات : 100

**حصہ معروضی** (کل نمبر:30) **نوٹ:** حصہ معروضی کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

## (حدیث)

**سوال نمبر1:** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔

(1) کوئی تین نواقض وضو نوٹ کریں۔ (2) نماز عصر اور نماز فجر کا اول و آخر وقت نوٹ کریں۔ (3) نماز کی کوئی تین شرائط نوٹ کریں۔ (4) حج کا لغوی معنی اور اقسام نوٹ کریں۔ (5) صدقہ فطر کی مقدار نوٹ کریں۔

**سوال نمبر2:** درج ذیل میں صحیح پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔

(1) زکوۃ کی فرضیت کی کوئی شرط نہیں ہے۔ (2) اہل شام کا میقات جحفہ اور اہل نجد کا قرن المنازل ہے۔ (3) اونٹوں پر زکوۃ کی ابتدا پچیس اونٹوں کے بعد ہوتی ہے۔ (4) سجدہ سہو ہمیشہ سلام سے پہلے ہو گا۔ (5) تین اوقات ایسے ہیں جن میں نماز پڑھنا اور دفن کرنا ممنوع ہیں۔

## (مصطلح الحديث)

**سوال نمبر1:** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔ کل نمبر 05 ہیں۔

(1) مخضرمین سے کون مراد ہیں؟ (2) محکم حدیث کسے کہتے ہیں؟ (3) مرسل کا حکم بیان کریں۔ (4) کسی حدیث کے مردود اور ناقابلِ اعتبار ہونے کے کتنے اور کون کونسے اسباب ہیں؟ (5) "سنن اربعہ" سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر2:** مجوزہ جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔ کل نمبر 05 ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عزیز وہ روایت ہے جسکے ہر طبقہ میں رواۃ کی تعداد ہو۔ | 4 | 2 | 6 | 3 |
| 2 | صحیح لذاتہ کی شرائط کی تعداد ہے۔ | 10 | 08 | 06 | 05 |
| 3 | اسباب طعن کی تعداد ہے۔ | 12 | 09 | 07 | 10 |
| 4 | مخالفت ثقات کی بڑی اقسام کی تعداد ہے۔ | 02 | 04 | 06 | 08 |
| 5 | حافظ اسے کہتے ہیں جسے روایات زبانی یاد ہوں۔ | 1لاکھ | 3لاکھ | 5لاکھ | 7لاکھ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

وفاق المدارس السلفية باكستان — المادة : العقيدة

امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية — ورقة الامتحان النموذجي

الزمن : 3 ساعات — الدرجات : 100

**نصاب:** تقویۃ الایمان از حضرت شاہ اسماعیل شہید رحمہ اللہ (مکمل)

**نوٹ:** امیدوار مکمل پرچہ (حصہ انشائیہ اور حصہ معروضی) جوابی کاپی پر حل کرے۔ اضافی شیٹ نہیں دی جائے گی۔

---

## حصہ انشائیہ (کل نمبر:70)

**نوٹ: درج ذیل سوالات میں سے پانچ سوال حل کریں۔ ہر سوال 14 نمبر کا ہے۔**

سوال نمبر 1: مؤلف تقویۃ الایمان رحمہ اللہ کی تاریخ پیدائش و وفات نوٹ کرتے ہوئے ان کی "تعلیم و تربیت" پر مفصل نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 2: درج ذیل مسائل میں سے چار پر قرآن کریم کی ایک ایک آیت مع ترجمہ پیش کریں۔

(۱) غیر اللہ کو پکارنا شرک ہے۔ (۲) شرک معاف نہیں ہو سکتا۔ (۳) غیب کی باتیں (۴) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی رازق نہیں ہے۔ (۵) شرک سب سے بڑا عیب ہے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل آیات کا ترجمہ کریں نیز بتائیں ان آیات سے کن کن مسائل کو ثابت کیا گیا ہے۔

1. قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوتُ كُلِّ شَیْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ
2. وَلَا تَدْعُ مِن دُونِ ٱللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَإِن فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِّنَ ٱلظَّٰلِمِينَ

سوال نمبر 4: شفاعت کی قسمیں تفصیلاً بیان کریں۔

سوال نمبر 5: عبادت کی تعریف کرتے ہوئے سجدہ صرف اللہ تعالیٰ کیلئے ہونے پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 6: اقسام شرک اور ان کا حکم مفصل بیان کریں۔

---

## حصہ معروضی (کل نمبر:30)

**نوٹ:** حصہ معروضی کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

**سوال نمبر 1: درج ذیل اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1) لفظ "سید" کے کتنے معانی ہیں؟ (2) کیا کسی کو اپنا بندہ اور بندی کہنا جائز ہے؟ (3) کیا غیر اللہ کی قسم اٹھانا شرک ہے؟ (4) ستاروں میں تاثیر ماننا کیسا ہے؟ (5) کیا معصیت کی نذر پورا کرنا ضروری ہے؟

**سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے صحیح پر (✔) اور غلط پر (✘) کا نشان لگائیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1) ماں باپ کو سجدہ کرنا جائز ہے۔ (2) غیب کی چابیاں پانچ ہیں۔ (3) غیر اللہ کے لیے جانور ذبح کرنا جائز ہے۔ (4) نجومی، ساحر اور کاہن کافر ہیں۔ (5) جو کسی نجومی وغیرہ سے سوال کرتا ہے، اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں ہوتی۔

**سوال نمبر 3: مجوزہ جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | شاہ اسماعیل شہید رحمہ اللہ شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے تھے | بیٹے | پوتے | بھتیجے |
| 2 | مؤلف تقویۃ الایمان کی والدہ کا نام ہے | بی بی ہاجرہ | بی بی فاطمہ | بی بی زینب |
| 3 | تقویۃ الایمان کا موضوع ہے | توحید | عقیدہ | شرک |
| 4 | دین کا سمجھنا ہے | مشکل | آسان | درمیانہ |
| 5 | اللہ تعالیٰ کو الٰہ مطلق اور رسول کو رسول تسلیم کرنا دو اجزا ہیں | اسلام کے | احسان کے | ایمان کے |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

وفاق المدارس السلفية باكستان — المادة : السيرة النبوية

امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية — ورقة الامتحان النموذجي

الزمن : 3 ساعات — الدرجات : 100

**نصاب:** رحمت عالم از سید سلیمان ندوی (مکمل)

**نوٹ:** امیدوار مکمل پرچہ (حصہ انشائیہ اور حصہ معروضی) جوابی کاپی پر حل کرے۔ اضافی شیٹ نہیں دی جائے گی۔

## حصہ انشائیہ (کل نمبر:72)

**نوٹ: درج ذیل سوالات میں سے چار کے جواب دیں۔ (ہر سوال 18 نمبر کا ہے)**

سوال نمبر 1: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قبول اسلام کا واقعہ تفصیلاً قلمبند کریں۔

سوال نمبر 2: مؤاخاۃ مدینہ اور میثاق مدینہ کے متعلق اپنی معلومات قلمبند کریں۔

سوال نمبر 3: فتح مکہ کے اسباب و واقعات مفصل نوٹ کریں۔

سوال نمبر 4: خطبہ حجۃ الوداع انسانی حقوق کا منشور ہے۔ تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: مبلغین اسلام کے بیدردانہ قتل پر مفصل نوٹ لکھیں۔

## حصہ معروضی (کل نمبر:28)

**نوٹ:** حصہ معروضی کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

**سوال نمبر 1: درج ذیل اجزاء میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1) پہلی وحی کونسی سورت اور کتنی آیات تھیں؟ (2) حلف الفضول سے کیا مراد ہے؟ (3) نبی ﷺ کی صاحبزادیوں کے نام تحریر کریں۔ (4) سفر طائف میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ کونسے صحابی تھے؟ (5) غزوہ اور سریہ میں فرق واضح کریں۔ (6) مدینہ منورہ میں کونسے یہودی قبائل آباد تھے؟

**سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے صحیح پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1) پہلی ہجرت حبشہ میں کل افراد گیارہ تھے۔ (2) اوس و خزرج یمن کے قبیلے تھے۔ (3) غزوہ حنین میں مسلمانوں کے مقابل ہوازن تھے۔ (4) روزہ اور جہاد تین ہجری میں فرض ہوئے۔ (5) حضرت خبیب رضی اللہ عنہ حادثہ رجیع میں گرفتار ہوئے۔

**سوال نمبر 3: مجوزہ جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔ کل نمبر 08 ہیں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | قبل از نبوت نبی اکرم ﷺ نے کس جنگ میں حصہ لیا | بدر | بدر الکبریٰ | فجار | تبوک |
| 2 | مقام ابواء سے نبی اکرم ﷺ کو واپس کون لایا | ثویبہ | ام ایمن | فاطمہ | حلیمہ |
| 3 | ہجرت حبشہ کب ہوئی | 3 نبوت | 10 نبوت | 5 نبوت | 6 نبوت |
| 4 | صفہ نامی درسگاہ کہاں واقع تھی | مکہ | مدینہ | فلسطین | کوفہ |
| 5 | حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شہید ہوئے | خیبر میں | موتہ میں | احد میں | بدر میں |
| 6 | غزوہ موتہ میں مسلمانوں کی تعداد تھی | 3000 | 5000 | 7000 | 20000 |
| 7 | مکہ فتح ہوا | 6ہجری | 7ہجری | 8ہجری | 9ہجری |
| 8 | حدیبیہ میں مسلمانوں کی تعداد تھی | 1400 | 1000 | 313 | 500 |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

وفاق المدارس السلفية باكستان | المادة : النحو والصرف

امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية | ورقة الامتحان النموذجي

الزمن : 3 ساعات | الدرجات : 100

**نصاب:** ابتدائی قواعد النحو اور ابتدائی قواعد الصرف (مکمل)

**نوٹ:** امیدوار مکمل پرچہ (حصہ انشائیہ اور حصہ معروضی) جوابی کاپی پر حل کرے۔ اضافی شیٹ نہیں دی جائے گی۔

---

## حصہ انشائیہ (کل نمبر:72) (نحو)

**نوٹ: حصہ انشائیہ نحو سے صرف تین سوالات حل کریں۔ ہر سوال 12 نمبر کا ہے۔**

سوال نمبر 1: اعراب کی تعریف، اقسام، علامات اور مثالیں ذکر کریں۔

سوال نمبر 2: اسماء مرفوعہ کی تعداد اور ان کے نام لکھ کر مثال بیان کریں نیز اسم منقوص کا حکم بھی بیان کریں۔

سوال نمبر 3: اسماء منصوبات کی تعداد اور نام مع امثلہ تحریر کریں نیز اسم مقصور کے اعراب کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 4: کلام موجب اور غیر موجب کسے کہتے ہیں مثال دیں نیز درج ذیل جملوں میں مبدل منہ، بدل اور بدل کی قسم بھی بتائیں۔ (1) رأيت التاجر خالدا (2) لقي عبد الرحمن أخاه عليا (3) قطع ياسر يده (4) جاء زيد، حامد

## (صرف)

**نوٹ: حصہ انشائیہ صرف سے تین سوالات حل کریں۔ ہر سوال 12 نمبر کا ہے۔**

سوال نمبر 1: فعل مضارع کی تعریف کریں اور بنانے کا طریقہ لکھیں نیز "يَبِسَ يَيْبِسُ يُبْسًا" سے صرف صغیر کی گردان لکھیں۔

سوال نمبر 2: فعل امر معروف بنانے کا طریقہ تحریر کریں نیز اِضْحَكْ اور اِعْرِفْ کی مکمل گردان لکھیں۔

سوال نمبر 3: اسماء مشتقہ کتنے اور کون کون سے ہیں، ہر ایک کی تعریف مع امثلہ لکھیں۔

سوال نمبر 4: "يَضْرِبُ" سے فعل مغارع معروف کی گردان کرتے ہوئے کتاب کے اسلوب پر صیغوں کی شناخت و علامات اور نون اعرابی کی وضاحت کریں۔

---

## حصہ معروضی (کل نمبر:28) (نحو)

**نوٹ:** حصہ معروضی کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

**سوال نمبر 1: درج ذیل اجزا میں سے پانچ کے مختصر جوابات دیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1) عدل تحقیقی کی مثال لکھیں۔ (2) ظرف کی اقسام لکھیں۔ (3) کم خبریہ اور کم استفہامیہ کی تمیز میں کیا فرق ہے؟

(4) حروف جازمہ لکھیں۔ (5) جمع قلت کے اوزان لکھیں۔ (6) اسمائے افعال کی اقسام نوٹ کریں۔

**سوال نمبر 2: درج جملوں میں سے صرف چار جملوں میں درست جملے پر صحیح (✓) کا نشان اور غلط پر (✗) نشان لگائیں۔ کل نمبر 04 ہیں۔**

(1) "جاء حامد، رأيت حامدا، ذهبت إلى حامد" میں حامد مبنی ہے۔

(2) "ذهبتُ إلى مساجدِكم" میں لفظِ مساجد پر کسرہ غلط ہے کیونکہ لفظِ مساجد غیر منصرف ہے۔

(3) مبنی کا آخر مختلف عوامل کے آنے کے باوجود ایک ہی حالت پر برقرار رہتا ہے۔

(4) "إلاّ" کے بعد مستثنٰی کے اعراب کی دو صورتیں ہوتی ہیں۔

(5) جمع مکسر بنانے کا کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

وفاق المدارس السلفية باكستان | المادة : النحو والصرف

امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية | ورقة الامتحان النموذجي

الزمن : 3 ساعات | الدرجات : 100

## (صرف)

**سوال نمبر1: درج ذیل اجزامیں سے پانچ کے مختصر جوابات دیں۔ کل نمبر10 ہیں۔**

(1) تصغیر کی تعریف کریں۔

(2) شش اقسام سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

(3) ہفت اقسام کسے کہتے ہیں۔

(4) "مَرْمِيٌّ" کا قاعدہ لکھیں۔

(5) ہمزہ وصلی اور ہمزہ قطعی کا فرق واضح کریں۔

(6) اسم آلہ کے مشہور اوزان لکھیں۔

**سوال نمبر2: درج ذیل خالی جگہ مناسب لفظ سے پر کریں۔ کل نمبر04 ہیں۔**

(1) جس کلمہ میں تین حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو اسے ..... کہتے ہیں۔ (رباعی مجرد، ثلاثی مجرد)

(2) تعداد حروف کے اعتبار سے فعل کی ..... قسمیں ہیں۔ (دو، تین، چھ)

(3) اسم جامد، رباعی مجرد کے اوزان ..... ہیں۔ (تین، پانچ، سات)

(4) اسم جامد خماسی مزید فیہ کے اوزان ..... ہیں۔ (چار، پانچ، تین)

(5) فعال، فعیل ..... کے اوزان میں سے ہیں۔ (ثلاثی مجرد، رباعی مجرد، ثلاثی مزید فیہ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| وفاق المدارس السلفية باكستان | المادة : اللغة العربية |
| امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية | ورقة الامتحان النموذجي |
| الزمن : 3 ساعات · للطلبة | الدرجات : 100 |

**نصاب:** اقرأ (حصہ دوم وسوم) آسان عربی (حصہ دوم) (مکمل) از مولانا محمد بشیر سیالکوٹی

**نوٹ:** امیدوار مکمل پرچہ (حصہ انشائیہ اور حصہ معروضی) جوابی کاپی پر حل کرے۔ اضافی شیٹ نہیں دی جائے گی۔

---

## حصہ انشائیہ (کل نمبر:72)

**نوٹ:** درج ذیل سوالات میں سے چار سوال حل کریں۔ ہر سوال 18 نمبر کا ہے۔

**سوال نمبر 1:** مرکب اضافی، مرکب توصیفی اور مرکب مزجی کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں نیز ضمیر کسے کہتے ہیں؟ اس کی اقسام بھی نوٹ کریں۔

**سوال نمبر 2:** درج ذیل جملوں کو عربی زبان میں تحریر کریں۔

(1) میں مڈل سکول میں پڑھتا ہوں۔ (2) میرا اسکول میرے گھر سے قریب ہے۔ (3) تمہاری رائے معقول ہے۔
(4) تم پر ہرگز ظلم نہیں کیا جائے گا۔ (5) ہم ضرور سنیں گے۔ (6) چاہیے کہ ہم مظلوم کی مدد کریں۔
(7) احمد شوقی مشہور شاعر ہے۔ (8) یہ سوالات آسان ہیں۔ (9) ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ اپنے پیارے وطن سے محبت کرے۔

**سوال نمبر 3:** درج ذیل عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔

(1) " محمد ولد نظيف يسمي الله قبل الأكل ويحمده بعده ولا يوسخ يديه وملابسه وكتبه ودفاتره بالمداد ولا يكتب على الجدران والشبابيك " .

(2) "أحب وطني باكستان لأنني ولدت على أرضه وتربيت على ترابه وشربت من مائه" .

**سوال نمبر 4:** (الف) درج ذیل کو عربی میں مکمل کریں۔ 08

| أيام الأسبوع | شهورالسنة | فصول السنة | عربی میں اپنا تعارف کروائیں۔ |
|---|---|---|---|

(ب) درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں: 10

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِعْصَمٌ | فِلْفِلٌ | عَائِلَةٌ | صُحُفِيٌّ | مَحْكَمَةٌ | الرَائِدَةُ | العَالَمِيَّةُ | البِطِّيخُ | أُفِيدُكُم | غَنِّ |

**سوال نمبر 5:** اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔

(1) إياك أعني يا خالد

(2) الساعة الآن عند الخامسة

(3) تلك الكتب غالية

(4) فليعلم كلنا أنه لا شرف ولا كرامة إلا في رحاب الوطن الحبيب

(5) هذه عادتي منذ مدة

(6) تفضل: الجديدة يا سيدي -

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

| | |
|---|---|
| وفاق المدارس السلفية باكستان | المادة : اللغة العربية |
| امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية | ورقة الامتحان النموذجي |
| الزمن : 3 ساعات — للطلبة | الدرجات : 100 |

**حصہ معروضی** (کل نمبر:28) — نوٹ: حصہ معروضی کے تمام سوالات لازمی ہے۔

**سوال نمبر1: پانچ اجزاء کے مختصر جواب دیں۔ کل نمبر10 ہیں۔**

(1) عدد معطوف کی تمیز کیسے آتی ہے؟ (2) دو عدد حکمت بھرے اقوال عربی زبان میں قلمبند کریں۔

(3) أم الحمامة و أولادها سبق کا خلاصہ بیان کریں۔ (4) 11 سے 15 تک عدد معدود کیساتھ مکمل لکھیں۔

(5) شاطئ ، عاصفة ، أثمار اور علل ترجمہ کرتے ہوئے مفرد کی جمع اور جمع کی مفرد لکھیں۔

(6) "جمَالُ الدينِ مُحَاسِبٌ" نحوی صرفی ترکیب کریں۔

**سوال نمبر2: درج ذیل پانچ جملوں میں صحیح پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1) اقرأ کے مؤلف کا نام محمد بشیر سیالکوٹی ہے جو کہ بقید حیات ہیں۔

(2) بستان الجميل مبتدا خبر کی مثال ہے۔

(3) إن المسجد بعيدة۔

(4) دخل اليزيد في المسجد مع أبيه۔

(5) بھنڈی کو عربی میں "باذِنجَان" کہتے ہیں۔

(6) عربی میں سیکنڈ کو ثانية ، منٹ کو دقيقة، اور گھنٹے کو ساعة کہتے ہیں۔

**سوال نمبر3: درج ذیل میں خالی جگہ دیئے گئے مناسب کلمات سے پُر کریں۔ کل نمبر08 ہیں۔**

(يهدي - عزتهم - الإسلام - نعم - أفضلها - يضمن - كثيرة - الآخرة - شوق - أتعلم - نعتز - نجاحنا)

........ الله علينا............ و من.......... نعمة.......... دين الإسلام............ الفوز في الدنيا و............ دين الإسلام............ البشر إلى ما فيه كرامتهم و............ أنا أدرس الإسلام ب........ و.......... أحكامه لأن فيه.............. أنا أعتز بالإسلام. نحن.......... بالإسلام.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

| | | |
|---|---|---|
| وفاق المدارس السلفية باكستان | | المادة : اللغة العربية |
| امتحان الشهادة الثانوية العامة في العلوم العربية والإسلامية | | ورقة الامتحان النموذجي |
| الزمن : 3 ساعات | للطالبات | الدرجات : 100 |

**نصاب:** اقرأ (حصہ دوم وسوم) (مکمل) از مولانا محمد بشیر سیالکوٹی

**نوٹ:** امیدوار مکمل پرچہ (حصہ انشائیہ اور حصہ معروضی) جوابی کاپی پر حل کرے۔ اضافی شیٹ نہیں دی جائے گی۔

---

## حصہ انشائیہ (کل نمبر:72)

**نوٹ: درج ذیل سوالات میں سے چار سوال حل کریں۔ ہر سوال 18 نمبر کا ہے۔**

**سوال نمبر1: تمام" أدوات الاستفهام "نوٹ کریں اور "من" ، "ما" کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔**

**سوال نمبر2: درج ذیل جملوں میں سے چھ جملوں کو عربی زبان میں تحریر کریں۔**

(1) میں مڈل سکول میں پڑھتا ہوں۔ (2) میرا اسکول میرے گھر سے قریب ہے۔ (3) میں آپ سے مل کر بہت خوش ہوں۔ (4) تم پر ہرگز ظلم نہیں کیا جائے گا۔ (5) ہم ضرور سنیں گے۔ (6) چاہیئے کہ ہم مظلوم کی مدد کریں۔ (7) طالبات محنتی ہیں۔ (8) مسلمان عورتیں سچی ہیں

**سوال نمبر3: درج ذیل عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔**

" محمد ولد نظيف يسمى الله قبل الأكل ويحمده بعده ولا يوسخ يديه وملابسه وكتبه ودفاتره بالمداد ولا يكتب على الجدران والشبابيك " .

**سوال نمبر4: درج ذیل کو عربی میں مکمل کریں۔** (1) أيام الأسبوع (2) شهورالسنة (3) فصول السنة (4) عربی میں اپنا تعارف کروائیں۔

**سوال نمبر5: اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔** (1) إياك أعني يا خالد (2) الساعة الآن عند الخامسة (3) تلك الكتب غالية (4) فليعلم كلنا أنه لا شرف ولا كرامة إلا في رحاب الوطن الحبيب (5) هذه عادتي منذ مدة (6) تفضل: الجديدة يا سيدي

---

## حصہ معروضی (کل نمبر:28)

**نوٹ:** حصہ معروضی کے تمام سوالات لازمی ہے۔

**سوال نمبر1: مختصر جواب دیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1) عدد معطوف کی تمیز کیسے آتی ہے؟ (2) دو عدد حکمت بھرے اقوال عربی زبان میں قلمبند کریں۔ (3) أم الحمامة و أولادها سبق کا خلاصہ بیان کریں۔ (4) 11 سے 15 تک عدد معدود کیساتھ مکمل لکھیں۔ (5) شاطئ ، عاصفة ، أثمار اور علل ترجمہ کرتے ہوئے مفرد کی جمع اور جمع کی مفرد لکھیں۔

**سوال نمبر2: درج ذیل پانچ میں سے صحیح پر (✓) اور غلط پر (✖) کا نشان لگائیں۔ کل نمبر 10 ہیں۔**

(1) اقرأ کے مؤلف کا نام محمد بشیر سیالکوٹی ہے جو کہ بقید حیات ہیں۔ (2) بستان الجميل مبتدا خبر کی مثال ہے۔ (3) إن المسجد بعيدة۔ (4) دخل اليزيد في المسجد مع أبيه۔ (5) ضمیر وہ اسم ہے جو اسم ظاہر کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ (6) عربی میں سیکنڈ کو ثانية ، منٹ کو دقيقة، اور گھنٹے کو ساعة کہتے ہیں۔

**سوال نمبر3: درج ذیل میں خالی جگہ مناسب کلمات سے پُر کریں۔ کل نمبر 08 ہیں۔**

(يهدي - عزتهم - الإسلام - نعم - أفضلها - يضمن - كثيرة - الآخرة - شوق - أتعلم - نعتز - نجاحنا)

........ الله علينا........... و من.......... نعمة.......... دين الإسلام........... الفوز في الدنيا و............ دين الإسلام............ البشر إلى ما فيه كرامتهم و............ أنا أدرس الإسلام ب......... و......... أحكامه لأن فيه............. أنا أعتز بالإسلام. نحن......... بالإسلام.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان

## امتحان شھادۃ الثانویۃ العامۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

وقت: 3 گھنٹے

ماڈل پرچہ جات

## (پہلا گروپ)

اختیاری مضامین ﴿مطالعہ پاکستان - جنرل سائنس - کمپیوٹر سائنس - ریاضی﴾

﴿صرف اس ایک مضمون کے سوالات کے جواب دیں جس مضمون کی نشاندہی آپ نے داخلہ فارم میں کی ہے﴾ کل نمبر ﴿100﴾

### مطالعہ پاکستان

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالات حل کریں۔ ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

**سوال نمبر 1:** خالی جگہ پر کریں۔(1) پاکستان کے نظریہ کی اساس ............ ہے (2) قائداعظم محمد علی جناح ............ نظریہ کے زبردست حامی تھے (3) جنگ پلاسی ............ سن میں ہوئی (4) قومی اسمبلی کے اراکین کی تعداد ............ ہے (5) تقسیم ہند کے وقت ............ وائسرائے ہند تھا (6) معاشی ترقی سے مراد ............ ہے (7) خاران کا ریگستان صوبہ ............ میں واقع ہے (8) لیاقت علی خاں نے ............ میں اسمبلی سے قرارداد مقاصد منظور کروائی (9) پاکستان میں شرح خواندگی ............ فیصد ہے۔ (10) قانون آزادی ہند ............ کو منظور ہوا۔

**سوال نمبر 2:** مختصر جوابات دیں۔(1) کرپس مشن کی تین تجاویز بیان کیجیے (2) امیدواروں کے لیے بی۔اے کی شرط کس الیکشن میں لازمی قرار دی گئی؟ (3) قائداعظم نے سفیر امن کا خطاب کیسے پایا؟ (4) درہ ٹوچی اور درہ گول کس پہاڑی سلسلے میں واقع ہیں؟ (5) مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ میں کب پیش ہوا؟

**سوال نمبر 3:** پاکستان کے پہلے وزیر اعظم کی حیثیت سے لیاقت علی خاں کا کردار واضح کریں۔

**سوال نمبر 4:** 1973ء کے آئین کے اہم پہلو تفصیل سے بیان کریں۔

**سوال نمبر 5:** درج ذیل پر نوٹ لکھیے۔

(الف) ہندوستان میں مسلمانوں کی معاشی حالت (ب) نظریہ کے ماخذ اور اس کی اہمیت

**سوال نمبر 6:** ہماری زراعت کو درپیش اہم مسائل بیان کریں۔

### جنرل سائنس

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالات حل کریں۔ ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

**سوال نمبر 1:** خالی جگہ پر کریں۔(1) مسلمان سائنس دان ......کو کیمیا کا بانی تصور کیا جاتا ہے (2)......ایسا عمل ہے جس سے پودے گلوکوز تیار کرتے ہیں (3) پودوں اور جانوروں میں نائٹروجن ............ کی شکل میں پائی جاتی ہے (4) گلہڑ کی بیماری کا سبب غذا میں ............ کی کمی ہے (5) کاربن تمام جانداروں کے جسم کا ............ ہے (6) ریبیز کی بیماری......کے کاٹنے سے ہوتی ہے (7) ایمیٹر کو ہمیشہ سرکٹ کے اندر ............ میں لگایا جاتا ہے (8) الیکٹرونکس ............ کے عمل اور کنٹرول کا علم ہے (9) جنگلی حیات کے لیے مخصوص کردہ علاقے ......... کہلاتے ہیں (10) ای سی جی سے دل کی......ایکٹیویٹی کا اندازہ ہوتا ہے۔

**سوال نمبر 2:** مختصر جوابات دیں۔(1) کیٹالسٹ سے کیا مراد ہے؟ (2) سپارکو کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟ (3) انسانی جسم میں آئرن کا کیا کردار ہے؟ (4) ایلوٹروپی کسے کہتے ہیں؟ (5) کنزرویشن آف انرجی کا قانون کیا ہے؟

**سوال نمبر 3:** قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر آیا ہے۔ جواب کی وضاحت دو قرآنی آیات کے حوالے سے کریں۔

**سوال نمبر 4:** ملٹی میٹر کسے کہتے ہیں؟ یہ کس کام آتا ہے؟ اینالوگ اور ڈیجیٹل میٹر میں فرق بیان کریں۔

**سوال نمبر 5:** اینٹی بائیوٹکس سے کیا مراد ہے؟ اس کی مختلف اقسام تفصیلاً بیان کریں۔

**سوال نمبر 6:** نوٹ لکھیں (الف) فوسل فیول کے ماحول پر اثرات (ب) پروٹینز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# وفاق المدارس السلفیۃ باکستان

## امتحان شھادۃ الثانویۃ العامۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

وقت: 3 گھنٹے

ماڈل پرچہ جات

## (پہلا گروپ)

## کمپیوٹر سائنس

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالات حل کریں۔

**سوال نمبر 1:** مختصر جوابات دیں۔(1) ڈیسک ٹاپ کی تعریف کیجئے (2) فونٹس کی اصطلاح کس لیے استعمال ہوتی ہے؟ (3) مونیٹر کا کیا استعمال ہے؟ (4) منی کمپیوٹر سے کیا مراد ہے؟ (5) مارجن سے کیا مراد ہے؟ (6) ڈیٹا فیلڈ کیا ہے (7) ڈی بگنگ کسے کہتے ہیں (8) کمپیوٹر وائرس سے کیا مراد ہے (9) ریم کی تعریف کریں (10) سپر کمپیوٹر کیا ہوتا ہے (کل نمبر 40)

**سوال نمبر 2:** مین میموری کے مقاصد اور ورکنگ کو تفصیل سے بیان کیجیے۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 3:** ہمارے معاشرہ میں انٹرنیٹ کے منفی پہلو بیان کیجیے۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 4:** ڈاکیومنٹ کے مختلف ویوز کو تفصیلا بیان کریں۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 5:** مسائل حل کرنے کے طریقہ کار سے کیا مراد ہے؟ اس کے مختلف مراحل لکھیں۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 6:** مسئلہ کے حل سے کیا مراد ہے؟ مسئلوں کے حل کا پروسیس مختصر طور پر بیان کیجیے۔ (کل نمبر 15)

## ریاضی

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالات حل کریں۔

**سوال نمبر 1:** مختصر جوابات دیں۔(1) وراثت سے کیا مراد ہے؟ (2) کائناتی سیٹ کی تعریف کریں (3) خاصہ اور مینٹسا سے کیا مراد ہے؟ (4) بیمہ ساز سے کیا مراد ہے؟ (5) مساوی زاویے کسے کہتے ہیں؟ (6) زکوۃ کی تعریف کریں (7) تناسب کی تعریف کریں (8) بیمہ دار کسے کہتے ہیں (9) بینک ڈرافٹ سے کیا مراد ہے (10) ہسٹوگرام کسے کہتے ہیں۔ (کل نمبر 40)

**سوال نمبر 2:** 14 گائے 63 کلوگرام چارا 18 دن میں کھاتی ہیں۔ 28 دن میں 770 کلوگرام چارا کتنی گائیں کھائیں گی؟ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 3:** مصنوعی ذرائع سے پیدا شدہ گندم کی فصل مالیتی 350000 روپے پر عشر معلوم کیجیے۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 4:** حل کیجیے۔ Log5+Log4+log3-Log6 (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 5:** مواد =3,5,6,8,9,10 کا (i) اوسط (ii) وسطانیہ (iii) عادہ معلوم کیجیے۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 6:** کریمر کے طریقہ سے ہمزاد مساواتوں کو حل کریں۔ جہاں حل ممکن نہ ہو وجہ بیان کریں (کل نمبر 15)

$$x+2y=3$$

$$x+3y=5$$

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان

وقت: 3 گھنٹے

## امتحان شھادۃ الثانویۃ العامۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

ماڈل پرچہ جات

## (دوسرا گروپ)

اختیاری مضامین ﴿مطالعہ پاکستان - جنرل سائنس - کمپیوٹر سائنس - ریاضی - انگلش﴾

﴿صرف اس ایک مضمون کے سوالات کے جواب دیں جس مضمون کی نشاندہی آپ نے داخلہ فارم میں کی ہے﴾ کل نمبر ﴿100﴾

## مطالعہ پاکستان

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالات حل کریں۔ ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

**سوال نمبر 1:** خالی جگہ پر کریں (1) شاہرہ ریشم ............ کے پہاڑی سلسلے میں واقع ہے (2) اسلام کا پہلا رکن ............ ہے (3) تقسیم ہند کے وقت برصغیر میں ............ دیسی ریاستیں تھیں (4) اسلام میں اقتدار اعلیٰ کا مالک ------- ہے (5) جناح گاندھی مذاکرات کا آغاز ------ میں ہوا (6) پاکستان نے ایٹمی دھماکے ............ میں کیے۔ (7) مریکہ کے شہر نیویارک میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا واقعہ ............ میں پیش آیا (8) ریڈکلف کی غیر منصفانہ تقسیم سے بھارت کو ............ تک رسائی حاصل ہوگئی (9) مولوی تمیز الدین پاکستان کی پہلی آئین ساز اسمبلی کے ............ تھے (10) اردو غزل کا پہلا دیوان ............ نے مرتب کیا

**سوال نمبر 2:** مختصر جوابات دیں۔ (1) قائداعظم نے سفیر امن کا خطاب کیسے پایا؟ (2) جناح گاندھی مذاکرات 1944ء میں قائداعظم کا جواب تحریر کریں (3) پاکستان میں واقع پانچ بڑے گلیشیرز کے نام لکھیں (4) اعلان لاہور سے کیا مراد ہے؟ (5) یونین کونسل کے دو فرائض تحریر کریں

**سوال نمبر 3:** آب وہوا انسانی زندگی پر کیسے اثرانداز ہوتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر 4:** قرارداد پاکستان کا پس منظر بنیادی نکات اور ہندوؤں کا اس قرارداد کی منظوری پر ردعمل بیان کریں۔

**سوال نمبر 5:** ان اسلامی اقدار کا جائزہ لیجیے جو نظریہ پاکستان کی اساس ہیں۔

**سوال نمبر 6:** میاں نواز شریف کے ادوار حکومت کے اہم واقعات بیان کریں۔

## جنرل سائنس

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالات حل کریں۔ ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

**سوال نمبر 1:** خالی جگہ پر کریں۔ (1) جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو------ کہتے ہیں (2) ........ ایسا عمل ہے جس سے پودے گلوکوز تیار کرتے ہیں (3) فاسفورس ............ کا ایک اہم جزو ہے (4) بوعلی سینا مسلم دنیا کا ............ کہلاتا ہے (5) ایڈز کے وائرس کو ............ کہتے ہیں (6) فوٹو سیل روشنی کی ............ میں بدلتے ہیں (7) پاکستان کے پہلے مصنوعی سٹیلائٹ کا نام ------ ہے (8) آئیوڈین کی کمی سے ............ کی بیماری لاحق ہوتی ہے (9) بی۔سی۔جی ............ کا حفاظتی ٹیکہ ہے (10) چارجز کے بہاؤ میں ......... کورز سٹنس کہا جاتا ہے

**سوال نمبر 2:** مختصر جوابات دیں۔ (1) تعریف کریں۔ آلودگی، ری سائیکلنگ (2) سٹرلائزیشن سے کیا مراد ہے؟ (3) خسرے کا ٹیکہ بچے کو کس عمر میں لگتا ہے اور کیوں؟ (4) غذا کے بنیادی اجزا کون کون سے ہیں؟ (5) ایٹما سفیئر کی چار تہوں کے نام لکھیں

**سوال نمبر 3:** ہوا میں موجود مختلف گیسوں میں سے کوئی سے دو کی اہمیت اور استعمال بیان کریں۔

**سوال نمبر 4:** ڈی۔این۔اے کس طرح ایک وراثتی مادہ ہے؟ تفصیلاً بیان کریں۔

**سوال نمبر 5:** انرجی کی مختلف قسمیں مفصل بیان کیجیے۔

**سوال نمبر 6:** مندرجہ ذیل پر تفصیلاً نوٹ لکھیں۔

(الف) زمینی آلودگی (ب) انرجی کا تحفظ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان

## امتحان شہادۃ الثانویۃ العامۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

وقت: 3 گھنٹے

ماڈل پرچہ جات

## دوسرا گروپ

## کمپیوٹر سائنس

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالات حل کریں۔

**سوال نمبر 1:** مختصر جوابات دیں۔(1) فونٹس کی اصطلاح کس لیے استعمال ہوتی ہے (2) ڈیسک ٹاپ کی تعریف کیجئے (3) کمپیوٹر ہارڈ ویئر سے کیا مراد ہے (4) کمپیوٹر کی تعریف کریں (5) منی کمپیوٹر سے کیا مراد ہے (6) ڈی بگنگ کسے کہتے ہیں؟ (7) ڈسک ڈرائیو کا استعمال واضح کریں (8) ڈیٹا فیلڈ کیا ہے؟ (9) سپر کمپیوٹر کیا ہوتا ہے؟ (10) ہائی ریزولوشن گرافک موڈ کس لیے استعمال ہوتا ہے؟ (40 نمبر)

**سوال نمبر 2:** مختصر طور پر حسابی، منطقی اور ریلیشنل اوپریٹرز کو بیان کیجیے۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 3:** کمپیوٹر کی تاریخ میں چارلس بابج کے کام کو بیان کیجیے۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 4:** معاشرے پر کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کے اثرات بیان کیجئے۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 5:** متغیرات کیا ہوتے ہیں؟ بیسک میں متغیرات کو نام دینے کے قوانین لکھیں۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 6:** کی۔بورڈ کیا ہوتا ہے؟ کی۔بورڈ کی مختلف اقسام کی کیز کے نام لکھیں اور وضاحت کریں۔ (کل نمبر 15)

## ریاضی

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالات حل کریں۔

**سوال نمبر 1:** مختصر جوابات دیں۔(1) بینک ڈرافٹ سے کیا مراد ہے؟ (2) مرقوم قیمت کی تعریف کریں (3) ہسٹوگرام کسے کہتے ہیں؟ (4) سیکٹر کسے کہتے ہیں؟ (5) بیمہ دار کسے کہتے ہیں؟ (6) وراثت سے کیا مراد ہے (7) نسبت کسے کہتے ہیں (8) بیمہ ساز سے کیا مراد ہے (9) عام لوگرتھم کسے کہتے ہیں (10) کائناتی سیٹ کی تعریف کریں (کل نمبر 40)

**سوال نمبر 2:** علی کے والد کی ماہانہ تنخواہ 40000 روپے ہے جبکہ اس کے والد کا ماہانہ خرچ 35000 روپے ہے۔ نسبت معلوم کیجیے۔
(i) آمدنی اور اخراجات میں (ii) اخراجات اور بچت میں (iii) آمدنی اور بچت میں۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 3:** دو اعداد کا فرق 9 ہے اور ان کا حاصل ضرب 162 ہے اعداد معلوم کیجیے۔ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 4:** حل کیجیے۔ $\text{Log}\,(1\times2\times3)=\text{Log}2+\text{Log}3$ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 5:** اجزائے ضربی بنایے۔ $3ax+6ay-8by-4bx$ (کل نمبر 15)

**سوال نمبر 6:** کریمر کے طریقہ سے ہمزاد مساواتوں کو حل کریں۔ جہاں حل ممکن نہ ہو وجہ بیان کریں۔ (کل نمبر 15)

$$2x+y=1$$
$$5x+3y=2$$

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان | وقت: 3 گھنٹے
امتحان شھادۃ الثانویۃ العامۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ | ماڈل پرچہ جات

دوسرا گروپ

## ENGLISH

نوٹ: صرف پانچ سوال حل کریں: ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

**Q.NO.1 :Translate the following passage into Urdu.**

**Whatever you Dislike for yourself,spare others from it.Do not oppress and tyrannise any body as youn surely Do not wash to be oppressed or tyrannise.Be kind and sympathetic to others as you surely want others to treat you kindly and sympathetically.**

**Q.NO.2 :Write an Essay with outline of 150-200 words on one of the following topics.**

**(i)A national Hero (ii)A True Muslim**

**Q.NO.3 : Use the following pairs of words in your own sentences.**

**(i)bad ,bade (ii)Dew,Due(iii)Fair ,Fare(iv)Pore ,Pour(v)Birth,Berth**

**Q.NO.4 :Write a paragraph of about 100-150 words on one of the following Topics.**

**(i)My Neighbour (ii)A House On Fire**

**Q.NO.5 :Write a letter to your Father asking him about the Health of your Mother.**

**Q.NO.6 :Translate the following passage into English.**

ایک نوجوان باغ میں بیٹھا تھا۔وہ کچھ فکر مند تھا۔کچھ دیر بعد ایک بوڑھا آدمی باغ میں داخل ہوا۔اس نے نوجوان کو ایک خط دیا۔نوجوان نے خط کھولا اور اسے پڑھا۔وہ خط پڑھ کر بہت خوش ہوا۔اس کے فکر مندی کے آثار غائب ہوگئے۔اس نے بوڑھے آدمی کا شکریہ ادا کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# اطلاع برائے شیڈول داخلہ

## سالانہ امتحانات
## وفاق المدارس السلفیة پاکستان

کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے سالانہ امتحانات ماہ شعبان میں ہوں گے۔

سالانہ امتحانات کے لیے داخلہ فارم یکم ربیع الاول تک وصول کیے جائیں گے۔

اور ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم 15 ربیع الاول تک وصول کیے جائیں گے۔

اگر یکم ربیع الاول یا 15 ربیع الاول کو جمعہ کا دن ہو تو پھر اگلے روز تک داخلہ فارم وصول کیے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

## ضمنی امتحانات
## وفاق المدارس السلفیة پاکستان

کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے ضمنی امتحانات ماہ محرم میں ہوں گے۔

ضمنی امتحانات کے لیے داخلہ فارم 08 ذوالقعدہ تک وصول کیے جائیں گے۔

اور ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم 15 ذوالقعدہ تک وصول کیے جائیں گے۔

اگر 08 ذوالقعدہ یا 15 ذوالقعدہ کو جمعہ کا دن ہو تو پھر اگلے روز تک داخلہ فارم وصول کیے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

جامعات و مدارس کے ناظمین کی ذمہ داری ہے کہ وہ طلبہ / طالبات کی درجہ وار تعداد لکھ کر رجسٹریشن فارم اور داخلہ فارم طلب فرمائیں اور مقررہ تاریخ تک داخلہ فارم جمع کروا دیں۔

نیز الحاق سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی داخلہ فارم کے ساتھ ضرور منسلک کریں۔

(پتہ) وفاق المدارس السلفیة پاکستان

پوسٹ آفس جامعہ سلفیہ فیصل آباد

041-8780274-8780374

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

# اغراض و مقاصد

## وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان

☆ قرآن وسنت پر مبنی دینی علوم کی تدریس کے سلسلہ میں سہولتیں بہم پہنچانا۔
☆ ملحقہ مدارس و جامعات کے لیے جامع نصاب تعلیم مرتب کرنا اور اسے عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا۔
☆ دینی مدارس و جامعات کو باہم مربوط و متحد کرنا اور ایک نظم کا پابند کرنا۔
☆ دینی مدارس و جامعات کے تمام تعلیمی مراحل ( ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ، عالیہ، عالمیہ اور حفظ و تجوید اور قراءات ) کے امتحانات کا انعقاد کرنا اور کامیاب طلبہ کو اسناد جاری کرنا۔
☆ ملحقہ مدارس و جامعات کے مفادات کا تحفظ کرنا۔
☆ اہم موضوعات پر علمی و تحقیقی مقالات اور کتب تیار کروانا اور ان کی طباعت کا اہتمام کرنا۔
☆ اساتذہ کے لیے تربیتی کورسز کا اہتمام کرنا اور طلبہ کی اصلاح و تربیت کے لیے اقدام کرنا۔
☆ ذہین اور محنتی طلبہ کی اعلیٰ تعلیم کے لیے ملکی اور غیر ملکی جامعات میں سکالر شپ کے حصول کے لیے کوشش کرنا۔
☆ دینی مدارس و جامعات کی تاسیس کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے مسلسل اور مؤثر اقدامات کرنا۔